عدن فاطمہ نام رکھنا اور اس کا مطلب

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-3376

تاریخ اجراء: 16 جمادی الاخریٰ 1446ھ /19 دسمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عدن فاطمہ نام رکھنا کیسا؟ اور اس کا معنی بھی بتا دیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

"**عدن فاطمہ**" نام رکھ سکتے ہیں، البتہ! بہتر یہ ہے کہ صرف فاطمہ نام رکھیں کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کا فرمایا گیا ہے اور اس سے امید ہے کہ اچھوں کی برکت بچی کے شامل حال رہے گی۔

"عَدن" جنت کا یا جنت میں ایک خاص مقام کا نام ہے۔ اور فاطمہ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالی عنہا کا مبارک نام ہے۔

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیار کم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیة، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

تفسیر صراط الجنان میں ہے "ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت میں ایک خاص جگہ کا نام ہے اور ایک قول یہ ہے کہ عدن جنت کی صفت ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے ایک روایت یہ ہے کہ جنتیں آٹھ ہیں اورا ن کے نام یہ ہیں (1) دارُ الجلال۔ (2) دارُ القرار۔ (3) دارُ السلام۔ (4) **جنتِ عدن**۔ (5) جنتِ مَاْویٰ۔ (6) جنتِ خُلد۔ (7) جنتِ فِردَوس۔ (8) جنتِ نعیم۔" (تفسیر صراط الجنان، جلد4، صفحہ180، 179، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net